## سوال

(586) یوم النحر کی دنوں کی تعداد

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حافظ نے اپنی کیسٹ میں کہا کہ قربانی کے جو لوگ یا علماء چار دن کہتے ہیں وہ غلط ہیں صحیح تین دن ہی ہیں ۔ چار دنوں کا کوئی ثبوت نہیں ۔ مہربانی فرما کر اس کی بھی وضاحت فرما دینا ۔ تاکہ ہم بھی کچھ دلائل کی دنیا میں زندگی بسر کر سکیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایام التشریق ذبح کے دن ہیں '' (سلسلة الاحادیث الصحیحة للالبانی الجزء الخامس ۔ حدیث نمبر 2476) مرفوع حدیث دار قطنی وغیرہ میں موجود ہے اور معلوم ہے کہ تشریق یوم نحر کے بعد تین دن ۱۲، ۱۱ اور ۱۳ ذوالحجہ ہیں ان تین دن میں یوم نحر کو جمع کر لیں تو چار دن ہی ہیں ۔ باقی جو لوگ تین دن کے قائل ہیں ان سے قرآن مجید کی کوئی آیت یا رسول اللہ ﷺ کی کوئی مرفوع حدیث طلب فرمائیں تو جو آیت یا مرفوع حدیث وہ پیش فرمائیں گے ۔ اسی سے چار دن بھی نکل آئیں گے ان شاء اللہ الرحمان

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**احکام و مسائل**

**قربانی اور عقیقہ کے مسائل ج1ص 432**